وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ

اور شوہر والی عورتیں، مگر جن پر تمہارے ہاتھوں نے قبضہء مالکانہ کرلیا، لکھا

اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ

اللہ کا تم پر، اور حلال کردی گئیں تم پر ان کے سوا ساری، کہ تلاش کرو اپنے مال کے عوض،

مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ۭ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ

قلعہ بسانے کیلئے، نہ کہ مستی بہانے کیلئے۔ تو جب تم نے ان سے نفع اٹھانا چاہا، تو دے ڈالو

اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ۭ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ

ان کو ان کا معاوضہ مقررہ۔ اور تم پر کوئی گناہ نہیں جس مقدار پر تم سب راضی ہو جاؤ،

بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۲۴ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ

مہر مقرر کے بعد۔ بے شک اللہ دانا حکیم ہے● اور جو سکت نہ لا سکا

مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ

مال کی، کہ نکاح میں لائے آزاد پاک دامن ایمان والیوں کو، تو ان سے جن پر تمہارے ہاتھوں کا

اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ۭ بَعْضُكُمْ

مالکانہ قبضہ ہو چکا، لونڈیاں ایمان والیاں۔ اور اللہ اچھی طرح جانتا ہے تمہارے ایمان کو، تم میں سے

مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ

ایک دوسرے سے ہے، تو ان لونڈیوں سے نکاح کرلو اجازت سے انکے مالکوں کی، اور دے ڈالو ان کو ان کے مہر کو

بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ

حسبِ دستور، عفت کے قلعہ کی رہنے والیاں، نہ کہ مستی بہانے والیاں، اور نہ چھپے یار بنانے والیاں۔

فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى

تو جب وہ بس جائیں، پھر اگر کوئی بدکاری لائیں، تو ان پر آدھی ہے

الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۭ

آزاد عورتوں کی سزا سے۔ یہ نکاح اس کیلئے ہے جو تم میں ڈر گیا گناہ میں پڑنے کو۔

وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۲۵ يُرِيْدُ اللّٰهُ

اور تمہارا صبر کرنا بہت اچھا ہے تمہارے لئے۔ اور اللہ بخشنے والا رحمت والا ہے● اللہ کی مرضی ہے

لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ

کہ صاف صاف تم سے بیان فرمادے اور دکھادے تم کو طریقے تمہارے اگلوں کے، اور تمہاری توبہ

عَلَيْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶﴾ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۗ

قبول فرمالے۔ اور اللہ علم والا حکمت والا ہے● اور اللہ چاہتا ہے توبہ قبول فرمالینے کو تم پر۔۔

وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ﴿۲۷﴾

اور چاہتے ہیں وہ، جو شہوت کی غلامی کرتے ہیں، کہ تم بڑی ٹیڑھی راہ چلو●

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ﴿۲۸﴾

اللہ چاہتا ہے کہ ہلکا کردے تم سے، اور پیدا کیا گیا انسان کمزور●

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّاۤ

اے وہ جو ایمان لا چکے! نہ کھاؤ اپنے مالوں کو باہمی ناحق، مگر

اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۣ وَلَا تَقْتُلُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ

یہ ہو کاروباری طور پر تم سب کی رضامندی سے۔۔۔ اور نہ قتل کرو تم اپنے کو۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۲۹﴾ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا

بے شک اللہ تم کو بخشنے والا ہے● اور جو کرے یہ سرکشی اور ظلم سے،

فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَارًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾ اِنْ

تو ہم جلد پہنچادیں گے اس کو جہنم۔ اور یہ اللہ کیلئے آسان ہے● اگر

تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَ

بچتے رہے تم کبیرہ گناہوں، جن سے تم کو روکا گیا ہے، تو میٹ دینگے ہم تم سے تمہاری دوسری برائیوں کو، اور

نُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ

داخل کریں گے تم کو ذی عزت محل میں● اور تمنا نہ کرو اس کی، جس سے بڑائی دی اللہ نے

بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ؕ وَلِلنِّسَآءِ

تم میں ایک کو دوسرے پر۔ مرد کیلئے حصہ ہے جو انھوں نے کمائی کی، اور عورت کیلئے

نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ؕ وَسْـَٔلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

حصہ ہے اس سے، جو انھوں نے کمائی کی۔ اور سوال کرو اللہ سے اس کے کرم کو۔ بے شک اللہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۳۲﴾ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ

ہر موجود کا جاننے والا ہے● اور سب کیلئے بتا دیا ہم نے حق دار، جو ترکہ کریں ان کے ماں باپ

وَالْاَقْرَبُوْنَ ؕ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ

اور قرابت مند۔ اور وہ جنھیں تمہارے حلفوں نے پابند کر دیا، تو ان کو ان کا حصہ دو۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ ع ۵ ۲

بے شک اللہ ہر موجود کو سامنے رکھنے والا ہے● مرد لوگ حکمران ہیں

عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا

عورتوں پر، یوں کہ فضیلت دی اللہ نے ان میں سے ایک کو دوسرے پر، اور یوں کہ خرچ کیا

مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ

مردوں نے اپنے مال کو، پس نیک بیبیاں فرماں بردار ہیں پیٹھ پیچھے، نگرانی رکھنے والی ہیں جسکو حفاظت میں لے لیا

اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي

اللہ نے۔ اور ایسی کہ تم کو خطرہ ہو جن کی نالائقی کا، تو انھیں سمجھاؤ بجھاؤ، اور ان کو بستروں میں تنہا

الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ

چھوڑ دو، اور انھیں مارو، پھر اگر وہ فرماں بردار ہو گئیں تمہاری، تو نہ ڈھونڈو ان پر الزام رکھنے

سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ

کی راہ۔ بے شک اللہ بڑا بلند ہے● اور اگر تمہیں اندیشہ ہوا

بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ

میاں بیوی کے جھگڑے کا، تو بھیجو ایک پنچ مردوالوں سے، اور ایک پنچ عورت والوں سے۔ اگر

يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا

یہ دونوں ارادہ کر لیں صلح کرانے کا، تو اللہ توفیق دے گا انکے درمیان۔ بیشک اللہ جاننے والا بتانے

خَبِيْرًا ﴿۳۵﴾ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ

والا ہے● اور پوجو اللہ کو، اور نہ شریک بناؤ اس کا کسی کو، اور ماں باپ کے ساتھ

اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي

نیکی اور قرابت داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور رشتہ دار

الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ

پڑوسی اور اجنبی پڑوسی اور پہلو نشین اور مسافر،

وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا

اور جن پر مالکانہ دسترس ہے۔ بے شک اللہ نہیں پسند فرماتا، جو ڈینگ ہانکنے والا، شیخی بگھارنے

فَخُوْرَا ۙ﴿۳۶﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَ

والا ہو● جو کنجوسی کریں اور لوگوں کو کنجوسی کا حکم دیں، اور

يَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

چھپائیں جو دے رکھا ہے انھیں اللہ نے اپنے فضل سے۔ اور تیار کر رکھا ہے ہم نے کافروں کیلئے

عَذَابًا مُّهِيْنًا ۚ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَ

عذاب رسوا کرنے والا● اور جو خرچ کریں اپنے مال کو، لوگوں کو دکھانے کو اور

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ

نہ مانیں اللہ کو، اور نہ پچھلے دن کو، اور وہ کہ شیطان

لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

جس کا یار ہوا، تو برا یار ہوا● اور کیا ہو جاتا ان پر، اگر مان جاتے اللہ کو اور پچھلے دن

الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾

کو اور خرچ کرتے جو روزی دی تھی اللہ نے انھیں۔ اور اللہ ان کو جاننے والا ہے●

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا

بے شک اللہ نہیں ظلم فرماتا ذرہ بھر۔ اور اگر تم سے ایک نیکی ہو، تو اس کو دوگنا کر دیتا ہے،

وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ

اور دیتا ہے اپنی طرف سے بڑا اجر● تو کیسا حال ہوگا جب کہ ہم لے آئے ہر

اُمَّةٍۭ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ؕ﴿۴۱﴾ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ

امت سے گواہ، اور بنا دیا تم کو ان سب پر گواہ --●-- اس دن پسند کریں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَلَا

جنھوں نے کفر کیا، اور رسول کی نافرمانی کی، کاش برابر کر دی جائے ان پر زمین۔ اور نہ

يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ﴿۴۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ ع ۶ ۳

چھپا سکیں گے اللہ سے ایک بات● اے وہ جو ایمان لا چکے! پاس نہ پھٹکو نماز کے،

وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ

جب تم نشہ میں مست ہو، یہاں تک کہ جان سکو جو منہ سے کہو، اور نہ غسل واجب ہونے کی حالت میں، مگر

سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰي سَفَرٍ اَوْ

مسافری کرتے ہوئے، یہاں تک کہ نہالو۔ اور اگر تم ہو گئے بیمار، یا بر سر سفر، یا تم

جَاۗءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَاۗىِٕطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَاۗءَ فَلَمْ تَجِدُوْا

میں سے کوئی آیا استنجے سے، یا عورتوں کا لمس کیا، پھر نہ پایا

مَاۗءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ۭ

پانی کو، تو تیمّم کرلو پاک مٹی سے، تو مسح کرلو اپنے چہروں کا، اور اپنے ہاتھوں کا۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۴۳﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا

بے شک اللہ معاف فرمانے والا بخشنے والا ہے● کیا تم نے ان کی طرف نظر نہ کی، جن کو ایک حصہ

مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا

کتاب کا دیا گیا، خریدیں گمراہی کو اور چاہیں کہ تم بھی گم کردو

السَّبِيْلَ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَاۗىِٕكُمْ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى

راہ کو● اور اللہ خوب جانتا ہے تمہارے دشمنوں کو۔ اور کافی ہے اللہ یاور، اور کافی

بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ

ہے اللہ مددگار● بعض یہودی الٹتے پلٹتے ہیں کلام کو، اس کے

مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ

مقام سے، اور کہتے ہیں کہ سنا، اور مانا نہیں، اور تم سنو، تمہاری نہ سنی جائے،

وَّرَاعِنَا لَيًّۢا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّيْنِ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا

اور راعنا، اپنی زبانوں کو اینٹھ کر، اور دین میں چوٹ کرنے کیلئے۔ اور اگر انھوں نے کہا ہوتا

سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ ۙ وَ

کہ ہم نے سنا اور مانا، اور ہماری سنیے اور ہم پر نظر کرم کیجیے، تو بہتر ہوتا ان کیلئے، اور بہت ٹھیک۔

لٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾ يٰٓاَيُّهَا

لیکن ملعون کر دیا ان کو اللہ نے ان کے کفر کی وجہ سے، تو مانتے ہی نہیں مگر کچھ کچھ ● اے وہ

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ

جن کو کتاب دی جا چکی! مان جاؤ جو ہم نے اتارا تصدیق کرنے والا اس کا، جو تمہارے پاس ہے،

قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا

اس سے پہلے کہ ہم بگاڑ دیں چہروں کو، تو ان کو پلٹ دیں انکی پشت پر، یا ملعون کر دیں ان کو، جس طرح

لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا

ملعون کر دکھایا سبت والوں کو۔ اور حکم خدا ہو کر رہتا ہے ● بیشک اللہ، نہ

يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ ۚ وَمَنْ

بخشے گا اس کے ساتھ کفر کئے جانے کو، اور بخش دے گا اس سے کم کو، جسے چاہے۔ اور جو

يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ

شریک ٹھہرائے اللہ کا، تو بے شک اس نے بڑے گناہ کی تہمت لی ● کیا تم نے نہ دیکھا ان کی طرف

يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۭ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاۗءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ

جو مقدس جتائیں اپنے کو، بلکہ اللہ پاکیزہ بنا دیتا ہے جس کو چاہے، اور وہ ظلم نہ کئے جائیں

فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَكَفٰى بِهٖٓ

گے دھاگ بھر ● دیکھو، کیسا طوفان برپا کرتے ہیں اللہ پر جھوٹ کا، اور یہ کافی

اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۰﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ ع ۴/۸

کھلا گناہ ہے ● کیا تم نے نہ دیکھا ان کی طرف، جن کو کتاب سے ایک حصہ دیا گیا،

يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وہ مانتے ہیں بت اور شیطان کو، اور کہتے ہیں جنھوں نے کفر کیا

هٰٓؤُلَاۗءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ

وہ راہ راست پر ہیں، ان سے جو ایمان قبول کر چکے ● وہ ہیں جن کو

لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾ اَمْ لَهُمْ

ملعون بنا دیا اللہ نے، اور جس کو ملعون کر دے اللہ، تو نہ پاؤ گے اس کیلئے کوئی مددگار ● کیا انہیں کا

نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾

کوئی حصہ ملک میں ہے؟ پھر تو اب نہ دیں گے لوگوں کو کچھ بھی●

اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ

یا حسد کر رہے ہیں لوگوں کی، جو دے رکھا ہے ان کو اللہ نے اپنے فضل سے۔ تو

اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾

ہم نے تو ابراہیم کی نسل کو کتاب اور حکمت دی اور ان کو بڑا ملک دیا●

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ۭ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ

تو کوئی تو ان کو مان گیا، اور کوئی باز رہا۔ اور جہنم کافی ہے

سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ۭ كُلَّمَا

دہکتی آگ● بیشک جنھوں نے انکار کر دیا ہماری آیتوں کا، جلد پہنچا دیں گے ہم ان کو جہنم، کہ جب

نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ۭ

پک گیا ان کا چمڑا، تو بدل دیا ہم نے دوسرا چمڑا، تا کہ چکھیں عذاب کو۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ع

بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے● اور جو ایمان لائے اور نیک کام کئے،

سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ

انھیں بہت جلد داخل کریں گے ہم جنت میں، کہ بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں، رہیں گے اس میں

اَبَدًا ۭ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۡ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾

ہمیشہ ہمیش۔ ان کی اس میں پاکیزہ بیبیاں ہیں۔ اور داخل کریں گے ہم ان کو سایہ گستر سایہ میں●

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ

بیشک اللہ تمھیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں امانت والوں کو دے دو۔ اور جب فیصلہ کیا

بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ۭ

لوگوں میں، تو فیصلہ کرو انصاف سے۔ بیشک اللہ، کیا ہی خوب ہے جس کی اللہ نصیحت فرماتا ہے تم کو۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا

بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے● اے جو ایمان لا چکے! کہا مانو

اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ

اللہ کا اور کہا مانو رسول کا، اور حکومت والوں کا تم میں سے۔ پھر اگر جھگڑے میں پڑ گئے تم

فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

کسی چیز میں، تو سپرد کر دو اسے اللہ و رسول کے، اگر تم مانتے ہو اللہ

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝۵۹ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ ع ۵

اور پچھلے دن کو۔ یہ نہایت خوب اور خوش انجام ہے● کیا تم نے نہیں دیکھا کہ

يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ

جو ڈینگ لیتے ہیں، کہ وہ مان چکے جو تم پر اتارا گیا، اور جو تم سے پہلے اتارا گیا،

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا

چاہتے ہیں کہ فیصلہ کرائیں شیطان سے، حالانکہ وہ حکم دیئے گئے تھے کہ اس کو نہ مانیں۔

بِهٖ ۭ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝۶۰ وَاِذَا قِيْلَ

اور شیطان چاہتا ہے کہ ان کو بہکا دے دور● اور جب ان کو کہا گیا

لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ

کہ آؤ، جسے اللہ نے اتارا اس کی اور رسول کی طرف، تو تم نے دیکھا منافق لوگوں کو،

يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ۝۶۱ۚ فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا

کہ رخ پھیرتے ہیں تم سے بے رخی سے● تو کیسی پڑے، جب ان پر کوئی مصیبت آ پڑے، ان کے

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَاۗءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۚ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ

ہاتھوں کے کرتوت سے، پھر وہ حاضر ہوں تمہارے پاس قسم کھائیں اللہ کی، ہمارا ارادہ صرف

اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ۝۶۲ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۣ

احسان اور اتحاد کا تھا● ان سب کو اللہ جانتا ہے جو ان کے دلوں میں ہے۔

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًۢا بَلِيْغًا ۝۶۳

تو تم ان سے آنکھ بچا لیا کرو، اور انھیں سمجھاتے رہو اور بولو ان کے دلوں میں اتر جانے والی بولی●

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ

اور ہم نے نہیں بھیجا کوئی رسول، مگر تا کہ اس کے کہے پر چلا جائے اللہ کے حکم سے۔ اور اگر وہ جب

ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ

ظلم کر بیٹھے اپنی جانوں پر چلے آئے تمہارے پاس، پھر بخشش مانگی اللہ کی، اور مغفرت چاہی ان کیلئے

الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

رسول نے، تو پالیا اللہ کو توبہ قبول فرمانیوالا بخشنے والا● تو نہیں کیا تمہارے پروردگار کی قسم وہ ایمان نہیں لائے،

حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا

یہاں تک کہ اپنا فیصلہ کنندہ مانیں تم کو ہر معاملہ میں، جس میں انکے درمیان جھگڑا ہو، پھر نہ پائیں اپنے دلوں میں

مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۶۵﴾ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ

کھٹک، جو تم نے فیصلہ کر دیا، اور جی جان سے مان لیں● اور اگر ہم نے ان پر لکھ دیا ہوتا کہ

اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ

اپنے کو قتل کرو، یا اپنے گھروں سے نکل جاؤ، تو وہ نہ کرتے مگر تھوڑے

مِّنْهُمْ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ

ان میں سے، اور اگر انھوں نے کر لیا جو ان کو نصیحت کی جاتی ہے، تو ان کیلئے بہتری ہے اور ایمان

تَثْبِيْتًا ﴿۶۶﴾ وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۶۷﴾ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ

کی بڑی مضبوطی● اور ایسا ہو، تو سمجھ لیں کہ ہم نے دے ڈالا ان کو بڑا اجر● اور چلا دیا

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۶۸﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰۗىِٕكَ مَعَ

سیدھی راہ● اور جو کہا مان لے اللہ کا اور رسول کا، تو وہ لوگ ان کے

الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاۗءِ

ساتھ ہیں، انعام فرمایا اللہ نے جن پر، انبیاء اور صدیقوں اور شہیدوں

وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰۗىِٕكَ رَفِيْقًا ﴿۶۹﴾ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ

اور نیکوں سے، اور وہ اچھے ساتھی ہیں● یہ فضلِ الٰہی ہے۔

اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ﴿۷۰﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ ع ۴

اور اللہ کافی علم والا ہے● اے وہ جو ایمان لا چکے! اپنا بچاؤ بنا لو

فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿۷۱﴾ وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ

پھر نکلو اِکّا دُکّا، یا نکلو اکٹھا● اور بیشک تم میں وہ ہے، جو ضرور دیر لگا دیتا ہے،

فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ

پھر اگر تم کو مصیبت پہنچی، تو بولنے لگا کہ انعام فرمایا اللہ نے مجھ پر، کہ میں

مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿۷۲﴾ وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ

ان کے ساتھ حاضر نہ تھا● اور اگر ملا تم کو فضل خداوندی، تو ضرور کہے گا

كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ

اس طرح کہ تمہارے اور اس کے درمیان کوئی دوستی نہیں، کہ کاش میں ان کے ساتھ ہوتا

فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۳﴾ فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ

تو بڑی کامیابی پاتا● تو لڑیں اللہ کی راہ میں جو

يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ

بدل دیں دنیاوی زندگی کو آخرت سے۔ اور اللہ کی راہ میں جو لڑے،

اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾ وَمَا لَكُمْ

پھر مار ڈالا جائے، یا جیت جائے، تو ہم جلد دیں گے اس کو اجر عظیم● اور تمہیں کیا

لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ

کہ اللہ کی راہ میں نہ لڑو، اور کمزوروں کیلئے، مردوں

وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ

اور عورتوں اور بچوں میں سے، جو دعائیں کرتے ہیں کہ پروردگارا ہمیں نکال لے چل اس

الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۙ وَّ

آبادی سے، ظالم ہیں اس کے رہنے والے، اور بنا دے اپنے کرم سے ہمارا کوئی یاور، اور

اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ

بنا دے اپنی عطا سے ہمارا کوئی مددگار● جو ایمان قبول کر چکے، وہ لڑتے ہیں

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ

راہ میں اللہ کی۔ اور جنھوں نے انکار کر دیا، وہ لڑتے ہیں شیطان کی راہ میں،

فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ﴿۷۶﴾ ع ۱۲

تو لڑو شیطان والوں سے۔ بے شک شیطان کی چال کمزور ہے●

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

کیا ان کی طرف نہیں دیکھا؟ جن سے کہا گیا کہ اپنے ہاتھ روکو اور نماز قائم کرو

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ

اور زکوٰۃ دو، پھر جب لازم کیا گیا ان پر قتال، اس وقت ان کی ایک ٹولی ہے

يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا

جو لوگوں سے ڈرتی ہے، جیسے اللہ سے ڈرے، بلکہ حد سے زیادہ ڈر۔ اور بولے پروردگارا،

لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۭ قُلْ

کیوں ضروری کر دیا تو نے ہم پر لڑنے مرنے کو، کیوں نہ مہلت دے دی تو نے ہم کو تھوڑی سی زندگی کی۔ تم

مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ وَلَا تُظْلَمُوْنَ

کہدو کہ "دنیا داری چند روزہ ہے، اور آخرت بہت بہتر ہے اس کیلئے جو ڈرا۔ اور نہ ظلم کئے جاؤ گے

فَتِيْلًا ۝ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ

دھاگ بھر● جہاں کہیں رہو لے گی تم کو موت، گو تم مضبوط قلعوں میں

مُّشَيَّدَةٍ ۭ وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ

رہو۔ اور اگر پہنچی ان کو بھلائی، کہدیں "یہ اللہ کی طرف سے ہے"۔

وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ۭ قُلْ كُلٌّ مِّنْ

اور اگر پہنچی برائی، تو کہیں کہ "یہ آپ کی طرف سے ہے"۔ کہدو سب

عِنْدِ اللّٰهِ ۭ فَمَالِ هٰٓؤُلَاۗءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ۝

اللہ کی طرف سے ہے۔ تو کیا ہوا ہے اس قوم کو کہ بات سمجھیں، اس کے قریب نہیں پھٹکتے●

مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۡ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ

جو تم کو پہنچی بھلائی تو اللہ کی طرف سے ہے، اور جو پہنچی برائی،

فَمِنْ نَّفْسِكَ ۭ وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝

تو یہ تیری شامت ہے۔ اور ہم نے بھیجا تم کو ہر انسان کیلئے رسول۔ اور اللہ کافی گواہ ہے●

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

"جس نے کہا کیا رسول کا، اس نے کہا مانا اللہ کا" اور جس نے بے رخی کی، تو ہم نے نہیں بھیجا ہے تم کو

عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۭ ﴿۸۰﴾ وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۡ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ

ان کی حفاظت کا ذمہ دار● اور کہہ تو دیتے ہیں کہ سرِ تسلیم خم ہے، پھر جب نکل گئے تمہارے پاس سے،

بَيَّتَ طَاۗىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِيْ تَقُوْلُ ۭ وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ

رات بھر کرتی رہی انکی ایک ٹولی اپنے کہے کے خلاف۔ اور اللہ لکھ رکھتا ہے جو رات بھر منصوبے گانٹھتے ہیں۔

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَي اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾ اَفَلَا

تو ان سے آنکھیں بچالو، اور اللہ پر بھروسہ رکھو۔ اور اللہ کافی بھروسہ ہے● کیا

يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۭ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ

سوچ سے کام نہیں لیتے قرآن میں؟ اگر یہ ہوتا اللہ کے سوا کسی کی طرف سے، تو پاتے اس میں

اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿۸۲﴾ وَاِذَا جَاۗءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ

بہتیرے اختلاف● اور جب آئی ان کے پاس کوئی بات، امن یا ڈر کی،

اَذَاعُوْا بِهٖ ۭ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِي الْاَمْرِ مِنْهُمْ

تو چرچا مچادیا اس کا، اور اگر سپرد کردیتے اسے رسول کے، اور اپنے بڑوں کی طرف،

لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ۭ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

تو ساری بات جان جاتے جو ان میں چھانٹ لیتے ہیں حقیقت کو، اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تم پر،

وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۳﴾ فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ

اور اس کی رحمت، تو ضرور پیچھے لگ جاتے تم شیطان کے، مگر تھوڑے● پس لڑو اللہ کی راہ میں۔

اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ

اور تم ذمہ دار نہیں کئے گئے مگر اپنے، اور ابھارو اپنے ماننے والوں کو، قریب ہے کہ اللہ

اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿۸۴﴾

روک دے جنگ کافروں کی، اور اللہ طاقت جنگ میں سب سے زیادہ زوردار اور سب سے بڑا ہے سزا دینے میں●

مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ

جو سفارش کرے اچھی، تو اس کا حصہ اس سے ہے۔ اور جو سفارش کرے

شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

بُری، اس کے لئے اس میں سے حصہ ہے۔ اور اللہ ہر چیز پر قوت رکھنے

ثُقِيتًا ﴿۸۵﴾ وَإِذَا حُيِّيتُم بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا ۗ إِنَّ اللَّهَ

والا ہے● اور جب سلام کیا جائے تم پر کسی لفظ سے، تو تم جواب دو اس سے بہتر، یا اسی کو دہرا دو۔ بیشک اللہ

كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَسِيبًا ﴿۸۶﴾ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ

ہر چیز کا حساب لینے والا ہے● اللہ، کہ نہیں کوئی پوجنے کے قابل اس کے سوا۔ ضرور جمع کرے گا تم لوگوں کو

الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ ۗ وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللَّهِ حَدِيثًا ﴿۸۷﴾ فَمَا لَكُمْ فِي

قیامت کے دن، جس میں ذرا شک نہیں۔ اور کون زیادہ سچا بات کا ہوگا اللہ سے● تو تمہیں کیا ہوا منافقوں کے

الْمُنَافِقِينَ فِئَتَيْنِ وَاللَّهُ أَرْكَسَهُم بِمَا كَسَبُوا ۚ أَتُرِيدُونَ أَن تَهْدُوا

بارے میں دو پارٹی، حالانکہ اللہ نے اوندھا کر دیا انکو انکے کرتوتوں کے سبب۔ کیا تم چاہتے ہو کہ راہ پر لے آؤ

مَنْ أَضَلَّ اللَّهُ ۗ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَن تَجِدَ لَهُ سَبِيلًا ﴿۸۸﴾ وَدُّوا لَوْ

جسکو بے راہ بتا دیا اللہ نے؟ اور جسکو اللہ نے بے راہ بتایا، تو تم اسکے لئے راہ نہ پاؤ گے● انکی آرزو ہے کہ کاش

تَكْفُرُونَ كَمَا كَفَرُوا فَتَكُونُونَ سَوَاءً فَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ

تم بھی کافر ہو جاؤ، جس طرح انھوں نے کفر کیا، تو تم لوگ برابر ہو جاؤ۔ تو نہ بناؤ ان میں سے

أَوْلِيَاءَ حَتَّىٰ يُهَاجِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ فَإِن تَوَلَّوْا فَخُذُوهُمْ

دوست، یہاں تک کہ ہجرت کریں اللہ کی راہ میں۔ پھر اگر رُوگردانی کی، تو گرفتار کرلو ان کو،

وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ وَجَدتُّمُوهُمْ ۖ وَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَلَا

اور مار ڈالو ان کو، جہاں پالیا انھیں، اور نہ بناؤ ان میں سے یار اور نہ

نَصِيرًا ﴿۸۹﴾ إِلَّا الَّذِينَ يَصِلُونَ إِلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ

مددگار● مگر جو لگے ہیں ایسی قوم سے کہ تمہارے اور ان کے درمیان کوئی معاہدہ ہے،

أَوْ جَاءُوكُمْ حَصِرَتْ صُدُورُهُمْ أَن يُقَاتِلُوكُمْ أَوْ يُقَاتِلُوا

یا آئے تمہارے پاس کہ سینہ تنگ ہو چکا، کہ تم سے لڑیں یا اپنی قوم سے

قَوْمَهُمْ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقَاتَلُوكُمْ ۚ فَإِنِ

لڑیں، اور اگر اللہ چاہتا ضرور چڑھا دیتا ان کو تم پر، پھر وہ ضرور لڑ جاتے تم سے۔ تو اگر

اعْتَزَلُوكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوكُمْ وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللَّهُ

وہ تم سے کنارے ہو گئے، چنانچہ تم سے نہ لڑے اور صلح کی بات ڈالی، تو نہیں دی اللہ نے

الرکوع ۱۴ ۷

لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ﴿۹۰﴾ سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ

تمہیں ان پر راہ● اب پاؤ گے کچھ دوسروں کو، چاہتے ہیں کہ

يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ كُلَّمَا رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا

امن میں رہیں تم سے اور امن میں اپنی قوم سے، جب وہ پھیرے گئے فتنہ کی طرف، تو اوندھے منہ گرے

فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ

اس میں، تو اگر وہ باز نہ رہے تم سے اور صلح کی بات نہ ڈالی، اور نہ اپنا ہاتھ روکا،

فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا

تو پکڑو ان کو، اور مار ڈالو جہاں پاؤ گے ان کو۔ یہ لوگ ہیں کہ ہم نے تمہیں جن پر

لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۹۱﴾ ع ۱۲ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ

کھلا ہوا قابو دے دیا● اور نہیں کسی مومن کیلئے کہ مار ڈالے

مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ

کسی مومن کو، مگر غلطی سے۔ اور جس نے مار ڈالا کسی مومن کو غلطی سے، تو اب ایک مسلمان غلام کا آزاد کرنا ہے۔

وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ؕ فَاِنْ كَانَ مِنْ

اور خوں بہا ہے جو حوالہ کیا جائے مقتول کے لوگوں کو، مگر یہ کہ وہ بخش دیں۔ پھر اگر مقتول

قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ وَاِنْ

اس قوم سے ہے جو تمہاری دشمن ہے اور خود وہ مومن ہے، تو آزاد کرنا ہے ایک مسلمان غلام کو۔ اور اگر

كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى

وہ ایسی قوم سے ہے، کہ تم میں اور اس میں کوئی معاہدہ ہے، تو خوں بہا ہے جو مقتول والوں کے

اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ

سپرد کی جائے، اور ایک مسلمان غلام کا آزاد کرنا ہے۔ تو جس نے نہ پایا، تو دو مہینے کا

مُتَتَابِعَيْنِ ۙ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾ وَ

لگاتار روزہ رکھنا ہے۔ یہ طریقہ توبہ اللہ کی طرف سے ہے۔ اور اللہ علم والا حکمت والا ہے● اور

مَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا وَ

جس نے قتل کیا کسی مومن کو دیدہ و دانستہ، تو اس کا بدلہ جہنم ہے۔ اس میں پڑا رہے لمبی مدت تک، اور

غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿۹۳﴾ يٰٓاَيُّهَا

اس پر اللہ کا غضب ہوا، اور اللہ نے لعنت فرمائی اس پر، اور مہیا کر رکھا ہے اسکے لئے بڑا عذاب● اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا

وہ جو ایمان لا چکے! جب تم مار کاٹ کو نکلے اللہ کی راہ میں، تو تحقیق کا سلسلہ جاری رکھو، اور مت کہہ دیا کرو

لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ

اس کو، جس نے تمہیں سلام کیا، کہ تو مومن نہیں ہے۔ تم چاہتے ہو دنیاوی زندگی

الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ۭ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ

کی پونجی، تو اللہ کے پاس بہت سی غنیمتیں ہیں۔ ایسے ہی تو تم خود ہی پہلے تھے،

فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۹۴﴾

پھر احسان فرمایا اللہ نے تم پر، تو تحقیق ضرور کرتے رہو۔ بیشک اللہ جو تم کرو خبردار ہے●

لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَ

اور برابر نہیں ہیں وہ مسلمان، جو گھر بیٹھے رہے بلا عذر، اور

الْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ فَضَّلَ

وہ جو جہاد کرتے رہے اللہ کی راہ میں اپنے جان و مال سے۔ فضیلت بخش دی

اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ۭ

اللہ نے جان و مال سے جہاد کرنے والوں کو، نہ جا سکنے والوں پر، بڑے درجہ کی۔

وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ۭ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى

اور سب کیلئے وعدہ فرمالیا اللہ نے حسن انجام کا، اور بڑائی دی اللہ نے مجاہدین کو،

الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۹۵﴾ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ۭ

نہ جا سکنے والوں پر، بڑے اجر کی● اللہ کی طرف سے متعدد درجے اور بخشش اور رحمت۔

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۹۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ ع ۱۰ ۱۲

اور اللہ بخشنے والا رحمت والا ہے● بے شک جن کی زندگی پوری کر دی فرشتوں نے،

ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ۭ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ

جبکہ وہ اپنے نفس پر ظالم تھے، بولے، کہ تم کس حال میں تھے، جواب دیا، کہ ہم زمین میں کمزور تھے،

فِی الْاَرْضِ ؕ قَالُوْۤا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِیْهَا ؕ

وہ بولے کہ کیا اللہ کی زمین وسیع نہ تھی؟ کہ اس میں تم ہجرت کر جاتے۔

فَاُولٰٓىِٕكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ مَصِیْرًا ﴿۹۷﴾ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِیْنَ

تو وہی ہیں جن کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ اور بری پلٹنے کی جگہ ہے● مگر جو بے بس

مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ حِیْلَةً وَّلَا

مرد و عورت اور بچے ہیں، کہ نہ بہانہ کر سکیں اور نہ

یَهْتَدُوْنَ سَبِیْلًا ﴿۹۸﴾ فَاُولٰٓىِٕكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ یَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ وَ

کوئی راہ پائیں● تو وہ ہیں کہ عنقریب معاف کر دے اللہ اُن سے۔ اور

كَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۹۹﴾ وَمَنْ یُّهَاجِرْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یَجِدْ

اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے● اور جو ہجرت کر جائے اللہ کی راہ میں، پالے

فِی الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِیْرًا وَّسَعَةً ؕ وَمَنْ یَّخْرُجْ مِنْۢ بَیْتِهٖ مُهَاجِرًا

زمین میں بڑی جگہ اور گنجائش۔ اور جو نکلے اپنے گھر سے ہجرت کرتا ہوا،

اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ یُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ

اللہ اور اس کے رسول کی طرف، پھر پالے اس کو موت، تو اس کا اجر ہو گیا اللہ کے کرم پر۔

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۱۰۰﴾ ع وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِی الْاَرْضِ فَلَیْسَ ع ۱۴

اور اللہ بخشنے والا رحمت والا ہے● اور جب تم چل پڑے زمین میں تو اس میں

عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖۗ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ یَّفْتِنَكُمُ

تمہاری کوئی غلطی نہیں، کہ قصر کر دو نماز میں، اگر تم کو خوف ہو کہ شرارت کریں گے

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ؕ اِنَّ الْكٰفِرِیْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِیْنًا ﴿۱۰۱﴾ وَاِذَا كُنْتَ

تم سے جو کافر ہو گئے۔ بلاشبہ کافر لوگ تمہارے کھلے دشمن ہیں● اور جب تم اپنوں

فِیْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْیَاْخُذُوْۤا

میں ہو، پھر کھڑی کر دی ہو ان کیلئے نماز، تو ایک جماعت ان کی کھڑی ہو تمہارے ساتھ اور لئے رہے

اَسْلِحَتَهُمْ ۫ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْیَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآىِٕكُمْ ۪ وَلْتَاْتِ طَآىِٕفَةٌ

اپنے ہتھیار۔ تو جب سجدہ کر چکے تو تمہارے عقب میں ہو جائیں، اور دوسری جماعت آئے

أُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَأْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ ۚ
جس نے نماز کی نیت نہیں کی، تو نماز ادا کریں تمہارے ساتھ، اور لئے رہیں اپنے بچاؤ اور اپنے ہتھیاروں کو۔
وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ أَسْلِحَتِكُمْ وَأَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ
آرزومند ہیں جنھوں نے کفر کیا کہ اگر غفلت برتو اپنے ہتھیاروں اور سامان سے، تو دھاوا بول دیں
عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ۗ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ كَانَ بِكُمْ أَذًى
تم پر یکبارگی۔ اور تم پر کوئی گناہ نہیں کہ اگر تم کو تکلیف ہو
مِّنْ مَّطَرٍ أَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰى أَنْ تَضَعُوْا أَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ۗ
بارش سے یا بیمار ہو گئے، کہ رکھ دو اپنے ہتھیار اور بنائے رکھو اپنا بچاؤ۔
إِنَّ اللّٰهَ أَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿١٠٢﴾ فَإِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ
بیشک اللہ نے تیار کر رکھا ہے کافروں کیلئے عذاب رسوائی والا ● پھر جب نماز تم پوری کر چکے
فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ فَإِذَا اطْمَأْنَنْتُمْ
تو ذکر کرو اللہ کا، کھڑے اور بیٹھے، اور کروٹ لیتے۔ پھر جب مطمئن ہو جاؤ
فَأَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ إِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا
تو نماز قائم رکھو، بے شک نماز ایمان والوں پر فرض ہے، وقت کی پابندی
مَّوْقُوْتًا ﴿١٠٣﴾ وَلَا تَهِنُوْا فِيْ ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ۖ إِنْ تَكُوْنُوْا تَأْلَمُوْنَ فَإِنَّهُمْ
سے ● اور مخالف قوم کی تلاش میں سستی نہ کرو۔ اگر تم کو دکھ ہوتا ہے، تو وہ بھی
يَأْلَمُوْنَ كَمَا تَأْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ۗ وَكَانَ
دکھ پاتے ہیں جیسے تم کو دکھ ہوتا ہے۔ اور تم امید رکھتے ہو اللہ سے، جو نہیں امید رکھتے وہ۔ اور
اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١٠٤﴾ إِنَّآ أَنْزَلْنَآ إِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ ع ۵ ۴
اللہ علم والا حکمت والا ہے ● بے شک ہم نے اتاری تم پر ٹھیک کتاب، تاکہ فیصلہ کرو
بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ أَرٰىكَ اللّٰهُ ۗ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ﴿١٠٥﴾
تم لوگوں کا جیسا اللہ تمہیں دکھائے۔ اور فریبیوں کیلئے طرف دار نہ بنو ●
وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ۗ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿١٠٦﴾ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ
اور اللہ سے استغفار کرو۔ بیشک اللہ بخشنے والا رحمت والا ہے ● اور ان کی جنبہ داری میں نہ جھگڑو

الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا

جو اپنے کو فریب میں رکھتے ہیں۔ بے شک اللہ نہیں پسند کرتا ہے جو بڑا فریبی

اَثِيْمًا ﴿۱۰۷﴾ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ

گنہ گار ہو● لوگوں سے تو منہ چھپاتے ہیں اور اللہ سے نہیں چھپتے، حالانکہ وہ ان کے

مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

پاس ہے، جب رات بسر کر رہے ہیں ان باتوں میں جو ناپسندیدہ ہیں۔ اور اللہ جو وہ کرتے ہیں سب پر

مُحِيْطًا ﴿۱۰۸﴾ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۣ فَمَنْ يُّجَادِلُ

گھیرا ڈالے ہے● سنو، تم لوگ جھگڑتے رہے ان سے دنیاوی زندگی میں۔۔ تو کون جھگڑے گا

اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۱۰۹﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ

اللہ سے ان کے بارے میں قیامت کے دن، یا کون ان کا وکیل ہوگا● اور جو گناہ کر گزرے

سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۱۰﴾

یا اپنی جان پر ظلم کر بیٹھے، پھر اللہ کی بخشش چاہے، تو پالیتا ہے اللہ کو بخشنے والا رحمت والا●

وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا

اور جو کمائے گناہ، تو اپنے ہی اوپر اس کی کمائی ہے۔ اور اللہ علم والا

حَكِيْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓـًٔا فَقَدِ

حکمت والا ہے● اور جو کماتا ہے کوئی خطا یا گناہ اور پھر رکھ پھینکتا ہے کسی بے گناہ پر، تو بے شک

احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۲﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَ ع ۱۶ ۱۴

اس نے اٹھا لیا بہتان اور کھلا گناہ● اور اگر نہ ہو فضل اللہ کا تم پر اور

رَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ

اس کی رحمت، تو ان میں سے ایک جمعیت نے قصد کیا تھا کہ تم کو فریب دیں، اور وہ اپنے ہی کو دھوکہ

اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَىْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ

دیتے ہیں۔ اور نہیں بگاڑ سکتے تمہارا کچھ۔ اور اتارا اللہ نے تم پر

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ

کتاب وحکمت کو، اور سکھا دیا سب کچھ جو نہیں جانتے تھے۔ اور اللہ کا فضل

اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ

تم پر بہت بڑا ہے ● کوئی فائدہ نہیں ان کی کئی سرگوشیوں میں، مگر جس نے حکم دیا

بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۭ بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ

صدقہ کا، یا کسی نیکی کا، یا لوگوں میں صلح کرانے کا۔ اور جو ایسا کرے

ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَمَنْ

اللہ کی رضامندی کی طلب میں، تو جلد ہم دیں گے اس کو بڑا اجر ● اور جو

يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ

مخالفت کرے رسول کی اس کے بعد، کہ اس پر ٹھیک راہ روشن ہو چکی، اور چل پڑے رواج

سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ

دستور اہل ایمان کے خلاف، تو ہم رہنے دینگے جیسے رہے، اور ڈالدیں گے اسکو جہنم میں، اور وہ پلٹاؤ کی

مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ

بری جگہ ہے ● بے شک اللہ نہیں بخشتا، کہ اس کے ساتھ کفر کیا جائے، اور بخش دے اس سے نیچے

ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۱۱۶﴾

جرم کو جسے چاہے۔ اور جو اللہ کا شریک ٹھہرائے، تو وہ دور کی گمراہی میں پڑا ●

اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا

نہیں پوجتے اللہ کو چھوڑ کر، مگر زنانہ نام والوں کو، اور نہیں پوجتے مگر سرکش شیطان کو،

مَّرِيْدًا ﴿۱۱۷﴾ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا

● اللہ کی مار ہو اس پر۔۔۔ اور وہ بول چکا ہے کہ میں ضرور لے کے رہوں گا تیرے بندوں سے اپنا

مَّفْرُوْضًا ﴿۱۱۸﴾ وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ

مقررہ حصہ ● اور انھیں ضرور گمراہ کروں گا اور راہ ہوس پر انھیں لگاؤں گا اور ضرور انھیں حکم دوں گا، تو

اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّتَّخِذِ

وہ چیریں گے چوپایوں کے کان، اور میں انھیں حکم دوں گا تو وہ بدل دیں گے اللہ کی بنائی صورت کو۔ اور جو بنالے

الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ؕ ﴿۱۱۹﴾

شیطان کو یار اللہ کو چھوڑ کر، تو بے شک وہ پڑ گیا کھلے گھاٹے میں ●

يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيهِمْ ۚ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲۰﴾ اُولٰٓئِكَ

انھیں وعدے دے اور امیدیں دلائے، حالانکہ شیطان نہیں وعدے دیتا، مگر دھوکے کا ● وہ

مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿۱۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

ہیں جن کا ٹھکانہ جہنم ہے، اور نہ پائیں گے اس سے رہائی ● اور جو ایمان لا چکے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

کئے اچھے کام، جلد ہم داخل کریں گے انھیں جنتوں میں، کہ بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں،

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ

اس میں رہیں گے ہمیشہ ہمیش۔ اللہ کا وعدہ بالکل ٹھیک۔ اور کون بولی کا اللہ سے زیادہ سچا

قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾ لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ۭ مَنْ يَّعْمَلْ

ہے ● نہ تمہارے خیالات اور نہ اہل کتاب کے اوہام، جو برائی کرے

سُوْۗءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾

اس کا بدلہ لیا جائے گا، اور وہ نہ پائیگا اپنے لئے مفید، جن کو اللہ کو چھوڑ کر یاور و مددگار قرار دے رکھا ہے ●

وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ

اور جو نیکیوں کا کام کرے، مرد ہو یا عورت، درآنحالیکہ وہ صاحب ایمان ہے،

فَاُولٰۗىِٕكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ

تو وہ داخل ہوں گے جنت میں، اور نہ ظلم کئے جائیں گے کچھ بھی ● اور اس سے اچھا

دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ

کس کا دین، جس نے جھکا دیا اپنے کو اللہ کیلئے، اور وہ مخلص ہے، اور چل پڑا ملت ابراہیم پر

حَنِيْفًا ۭ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿۱۲۵﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

الگ تھلگ باطلوں سے۔ اور بنا لیا اللہ نے ابراہیم کو خاص دوست ● اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿۱۲۶﴾ وَيَسْتَفْتُوْنَكَ ع ۱۱ ۱۵

اور جو کچھ زمین میں ہے۔ اور اللہ ہر ایک کو گھیرے میں لئے ہے ● اور دریافت کرتے ہیں تم سے

فِي النِّسَاۗءِ ۭ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي

عورتوں کے بارے میں، کہہ دو کہ اللہ خود بتاتا ہے تم کو ان کے بارے میں، اور جو تلاوت کیا جاتا ہے تم پر

الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَ

قرآن میں یتیم لڑکیوں کے بارے میں، جن کو نہیں دیتے تم جو مقرر کیا گیا ہے ان کا حق، اور

تَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَ

بے رغبتی کرتے ہو، کہ ان سے نکاح کرلو، اور کمزور بچوں کے بارے میں،

اَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ

یہ کہ قائم رہو یتیموں کیلئے انصاف پر۔ اور جو کرتے رہو بھلائی، تو بے شک

اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ﴿۱۲۷﴾ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا

اللہ اس کا علم رکھتا ہے● اور اگر کوئی عورت ڈری اپنے شوہر سے زیادتی کرنے کو،

اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ؕ وَ

یا بے توجہی کرنے کو، تو ان پر کوئی الزام نہیں، کہ باہمی صلح کرلیں۔ اور

الصُّلْحُ خَيْرٌ ؕ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَ

صلح بڑی اچھی چیز ہے۔ اور پھنسا دی گئی ہیں نفس کی خواہشیں لالچ سے۔ اور اگر احسان کرو اور

تَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾ وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا

خوف خدا سے کام لو، تو بے شک اللہ جو کرو اس سے باخبر ہے● اور ناممکن ہے کہ پورا

اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ

انصاف کرلو چند بیبیوں میں، گو تم خود اس کے حریص ہو، تو جھک بھی نہ جاؤ بالکل ایک طرف،

فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ

پھر چھوڑ دو دوسری کو، جیسے ٹنگی ہوئی ہو۔ اور اگر تم صلح و تقویٰ سے کام لو، تو بے شک اللہ

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾ وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ

غفور رحیم ہے● اور اگر دونوں جدائی اختیار کرلیں، تو غنی فرما دے گا اللہ ہر ایک کو اپنی کشایش سے۔ اور

اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

اللہ کشایش فرمانے والا حکمت والا ہے● اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے۔

وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ

اور بے شک ہم نے کہہ دیا تھا ان کو، جن کو کتاب تم سے پہلے دی گئی اور تمہیں بھی، کہ

اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَاِنۡ تَكۡفُرُوۡا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ

ڈرو اللہ کو۔ اور اگر نہ مانو، تو بے شک اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيۡدًا ۝۱۳۱ وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ

اور اللہ بے نیاز خوبیوں والا ہے● اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيۡلًا ۝۱۳۲ اِنۡ يَّشَاۡ يُذۡهِبۡكُمۡ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاۡتِ

اور اللہ کافی کارساز ہے● اگر چاہے تو لے جائے تم کو اے لوگو! اور لے آوے

بِاٰخَرِيۡنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيۡرًا ۝۱۳۳ مَنۡ كَانَ يُرِيۡدُ

دوسروں کو، اور اللہ اس پر قادر ہے● جو چاہتا ہے

ثَوَابَ الدُّنۡيَا فَعِنۡدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

دنیا کا فائدہ، تو اللہ کے پاس دنیا و آخرت کا ثواب ہے۔ اور اللہ

سَمِيۡعًا بَصِيۡرًا ۝۱۳۴ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا كُوۡنُوۡا قَوّٰمِيۡنَ بِالۡقِسۡطِ ع ۱۹ ۱۶

سننے والا دیکھنے والا ہے● اے وہ جو ایمان لا چکے! قائم ہو جاؤ انصاف پر

شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوۡ عَلٰٓى اَنۡفُسِكُمۡ اَوِ الۡوَالِدَيۡنِ وَالۡاَقۡرَبِيۡنَ ۚ اِنۡ

گواہی دینے والے اللہ واسطے، گو خود اپنے پر، یا ماں باپ اور قرابت مندوں پر پڑے، اگر

يَّكُنۡ غَنِيًّا اَوۡ فَقِيۡرًا فَاللّٰهُ اَوۡلٰى بِهِمَا ۟ فَلَا تَتَّبِعُوا الۡهَوٰٓى

وہ دولت مند یا محتاج ہے، تو اللہ ان دونوں سے قریب ہے۔۔ تو ہوس کے پیچھے مت چلو،

اَنۡ تَعۡدِلُوۡا ۚ وَاِنۡ تَلۡوٗۤا اَوۡ تُعۡرِضُوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ

کہ انصاف سے کنارے ہو جاؤ۔ اور اگر صاف نہ بولو، یا انکار ہی کر دو، تو بیشک اللہ جو کرو اس سے

خَبِيۡرًا ۝۱۳۵ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اٰمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَالۡكِتٰبِ

باخبر ہے● اے ایمان دار بننے والو! مان ہی جاؤ اللہ کو اور اس کے رسول کو اور اس کتاب کو

الَّذِىۡ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوۡلِهٖ وَالۡكِتٰبِ الَّذِىۡۤ اَنۡزَلَ مِنۡ قَبۡلُ ؕ

جس کو اتارا اپنے رسول پر، اور اس کتاب کو جسے اتارا پہلے سے۔

وَمَنۡ يَّكۡفُرۡ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ

اور جو انکار کر دے اللہ اور اس کے فرشتوں، اور کتابوں، اور رسولوں، اور پچھلے دن کا،

فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ﴿۱۳۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ

تو بے شک وہ بہک گیا بہت دور● بے شک جو ایمان لائے، پھر انکار کر دیا، پھر

اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا

مان گئے، پھر انکار کر دیا، پھر انکار میں بڑھ گئے، اللہ بخشے انھیں اور نہ

لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ﴿۱۳۷﴾ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳۸﴾

راہ پر لاوے انھیں● اور منہ پر کہہ دو منافقوں کے، کہ ان کیلئے دکھ دینے والا عذاب ہے●

الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

جو بنائیں کافروں کو دوست ایمان والوں کو چھوڑ کر،

اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿۱۳۹﴾ وَقَدْ

کیا چاہتے ہیں ان کے پاس عزت؟ تو بے شک عزت اللہ کیلئے ہے ساری● اور بے شک

نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا

اتارا تم پر کتاب میں، کہ جب سنا اللہ کی آیتوں کو کہ اس کا انکار کیا جاتا ہے

وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ

اور مذاق کیا جاتا ہے اس سے، تو مت بیٹھو ان لوگوں کے ساتھ۔ یہاں تک کہ لگ جائیں دوسری،

غَيْرِهٖۤ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ

بات میں، ورنہ تم بھی انھیں کی طرح ہو۔ بیشک اللہ ایک جگہ لائے گا سارے منافقوں اور کافروں کو

فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعَا ﴿۱۴۰﴾ الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ

جہنم میں● جو تاکا کرتے ہیں تم کو، تو اگر تمہاری فتح ہوئی

فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْۤا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ

اللہ کی طرف سے، بولے کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے، اور اگر کافروں کا

نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْۤا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

حصہ ہوا، تو بولے وہاں کہ کیا ہم زور نہ رکھتے تھے تم پر، اور کیا ہم نے بچایا نہیں تم کو مسلمانوں سے۔

فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ

تو اللہ فیصلہ فرما دے گا تم سب کا، قیامت کے دن۔ اور نہ دے گا اللہ کافروں کو

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿۱۴۱﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَ ع ۲۰ ۱۷

مسلمانوں پر کوئی راہ● بے شک! منافق دھوکہ دینا چاہتے ہیں اللہ کو، اور وہ

هُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ

دھوکے کا بدلہ دینے والا ہے۔ اور جب نماز کو کھڑے ہوئے، تو کھڑے ہوئے تھکے ہارے، دکھلاتے ہیں

النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۴۲﴾ ۙ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ

لوگوں کو اور نہیں ذکر کرتے اللہ کا، مگر تھوڑا● ڈگ مگ ڈگ مگ بیچ میں،

لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ

نہ اِدھر نہ اُدھر۔ اور جس کی گمراہی اللہ دکھادے، تو اس کیلئے کوئی راہ نہ

سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ

پاؤ گے● اے وہ جو ایمان لے آئے! نہ بناؤ کافروں کو دوست،

مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ

مسلمانوں کو چھوڑ کر۔ کیا چاہتے ہو کہ بنالو اللہ کی اپنے اوپر

سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ

کھلی حجت؟● بے شک منافق لوگ سب سے نیچے طبقہ میں ہیں جہنم کے۔

وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ﴿۱۴۵﴾ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا

اور نہ پاؤ گے کوئی ان کا مددگار● مگر جنھوں نے توبہ کرلی، اور درست ہوگئے، اور مضبوطی سے پکڑ لیا

بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ

اللہ کو، اور کھرا کرلیا اپنے دین کو اللہ کیلئے، تو وہ مسلمانوں کے ساتھ ہیں۔

وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾ مَا يَفْعَلُ

اور جلد دے گا اللہ مسلمانوں کو بڑا اجر● کیا کرے گا

اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

اللہ تم پر عذاب کرکے؟ اگر تم شکرگزار ہوجاؤ اور ایمان لے آؤ۔ اور اللہ شکر کا قبول

شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾

فرمانے والا علم والا ہے●